20اگست2020ء

اسٹیٹ بینک نے کورونا وائرس کی وبا کے دوران فارن کرنسی قرضوں کے تصیفے کے مدت بڑھادی

بینک دولت پاکستان نے کورونا وائرس کی وبا کے دوران صنعت کو تقویت دینے کے اپنے عزم کو برقرار رکھتے ہوئے برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان کو مزید سہولت دی ہے اور ایف ای 25 قرضوں کے تحت ان کے برآمدی و درآمدی قرضوں کے تصفیے کے لیے 180 دن کی مہلت کی اجازت دی ہے۔

اب اگر برآمد کنندگان کو کورونا وبا کے باعث برآمدی آمدنی کی وصولی میں تاخیر کا سامنا ہو تو بینک ایف ای 25 قرضوں کے تصیفے کے لیے انہیں 180 دن تک کی مہلت دے سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ اگر اصل برآمدی معاہدہ کورونا وائرس کی وجہ سے منسوخ ہو گیا ہو تو اب بینک 180 ایام کی مہلت کے دوران متبادل معاہدے کے ذریعے برآمد کنندگان کو ایف ای 25 قرضوں کے تصفیے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ اسی طرح اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو ایف ای 25 قرضوں کی میعاد میں بھی 180 دن کی توسیع کی اجازت دی ہے۔ یہ سہولت برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان کو ان کے 30 ستمبر 2020ء تک میعاد پوری کرنے والے فارن کرنسی قرضوں کے لیے فراہم کی گئی ہے۔ تفصیلات کے لیے:

http://www.sbp.org.pk/epd/2020/FECL17.htm

اسٹیٹ بینک اپنے اس غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ وہ پاکستان کے عوام کے وسیع تر مفاد میں اس غیر یقینی دور میں ضروری سہولتیں فراہم کرنے کے لیے تمام متعلقہ فریقوں سے مل کر کام کرتا رہے گا۔

**